Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator.____________

اُردو(لازمی) ایس ایس سی-II

وقت: 20منٹ حصّہ اوّل (کُل نمبر:15)

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) یہ عالم اللہ تعالیٰ نے بھر دیا ہے:

الف۔ رنگ و بو سے ب۔ مخلوقات سے ج۔ جمادات و نباتات سے د۔ کشاکش کی صدائے ہاؤ ہو سے

(ii) ان کی شاعری مشرقی اقدار کی آئینہ دار ہے:

الف۔ میر تقی میر ب۔ مرزا غالب ج۔ احسان دانش د۔ شاہد احمد دہلوی

(iii) حسن نظامی نے دِلّی کے جو نوحے لکھے ہیں ان میں نمایاں ہے:

الف۔ عظمتِ رفتہ ب۔ احساس شادمانی ج۔ عبرت انگیزی د۔ لطف و مسرت

(iv) سبق ''ملمع'' کے مطابق لڑکی نے قلی کو کتنی رقم دی؟

الف۔ اٹھنی ب۔ ایک روپیا ج۔ پانچ روپے د۔ دس کا نوٹ

(v) چغل خور نے بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے:

الف۔ نمکین ب۔ کھٹا ج۔ میٹھا د۔ کڑوا

(vi) سبق ''نام دیو مالی'' میں مصنف نے 'بے گار' کہا ہے:

الف۔ جبری مشقت کو ب۔ بے مزہ کام کو ج۔ محض حکم کی تعمیل کو د۔ ڈر کر کام کرنے والے کو

(vii) علی بخش کو زمین کہاں دی گئی؟

الف۔ جھنگ میں ب۔ لاہور میں ج۔ ملتان میں د۔ لائلپور میں

(viii) حکیم محمد سعید نے کس عمر میں حج کی سعادت حاصل کی:

الف۔ دس سال ب۔ اٹھارہ سال ج۔ سات سال د۔ ستر سال

(ix) پاکستان ہے، رنگ برنگے پھولوں سے کھلی ہوئی:

الف۔ ٹوکری ب۔ پھلواری ج۔ کھیتی د۔ نگری

(x) نظم کسان کا ابتدائی منظر ہے:

الف۔ شام کا ب۔ صبح کا ج۔ جھٹ پٹے کا د۔ رات کا

(xi) غزل کے مطابق ''سکونِ دلِ وحشی کا مقام نہیں:

الف۔ آسمان ب۔ جنت ج۔ دوزخ د۔ وسعتِ صحرا

(xii) نظم کے مطابق سڑک پر شغال کے چیخنے سے واضح ہوتی ہے:

الف۔ ویرانی ب۔ آمد و رفت ج۔ رونق ہی رونق د۔ اداسی

(xiii) استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے:

الف۔ تین ب۔ چار ج۔ پانچ د۔ سات

(xiv) ''فعل تام'' لازم ہے:

الف۔ مرکب ناقص کے لیے ب۔ جملہ فعلیہ کے لیے ج۔ جملہ اسمیہ کے لیے د۔ مرکب اضافی کے لیے

(xv) مشترک وصف کا پایا جانا ضروری ہے:

الف۔ تلمیح میں ب۔ تشبیہ میں ج۔ مطلع میں د۔ غزل میں

برائے ممتحن: کُل نمبر : 15 حاصل کردہ نمبر: ____

اُردو (لازمی) ۔ ایس ایس سی -II

وقت: 2:40 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوم (کُل نمبر 35)

سوال نمبر ۲: الف: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے پندرہ (15) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں۔ (15x2=30)

(i) نعت کے آخری شعر میں ''خضر'' سے کون سی ہستی مراد ہیں؟

(ii) مرزا محمد سعید نے کس کالج میں تدریس کے فرائض سرانجام دیے؟

(iii) سبق 'مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ' کے مطابق محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

(iv) سبق ملمع کے مطابق لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟

(v) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(vi) علی بخش سے مصنف کی کیسے ملاقات ہوئی؟

(vii) رشید احمد صدیقی کی دو تصانیف کے نام تحریر کریں؟

(viii) استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا تھی؟

(ix) نظم کے مطابق دریائے فرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر ہوا؟

(x) شاعر نے فاطمہ بنتِ عبداللہ کو راکھ میں دبی ہوئی چنگاری کیوں کہا ہے؟

(xi) کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(xii) دلا ور فگار کی مقبولیت کا سبب کیا ہے؟

(xiii) شاعر حسرت موہانی کو قید و بند کی صعوبتیں کیوں برداشت کرنی پڑیں؟

(xiv) یہ وہ راستہ ہے دیارِ وفا کا۔ جہاں بادِ صرصر، صبا ہو گئی ہے۔ اس شعر میں شاعر راستے کی کیا خوبی بیان کر رہا ہے؟

(xv) درج ذیل تراکیب کا مفہوم تحریر کریں:

بے مہار ، قیدِ آزادی

(xvi) جملۂ معترضہ کا مفہوم لکھیں۔

(xvii) مطلع کا مفہوم لکھیں اور ایک مثال بھی دیں۔

(xviii) ''احمد ہوشیار ہے'' اس جملے کی ترکیب نحوی کریں۔

(xix) اردو شاعری میں نظم کا مفہوم بیان کریں۔

ب۔ '' بددیانتی کی سزا ضرور ملتی ہے '' کے موضوع پر کہانی تحریر کریں۔ (5)

حصّہ سوم (کُل نمبر 25)

سوال نمبر۳: **سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+4=5)

الف۔ ''نظریہ پاکستان کا مقصد پاکستان کو ایک اسلامی اور فلاحی مملکت بنانا ہے۔ ہمیں ایسا کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہیے جس کی وجہ سے خدا اور اس کے رسول ﷺ کے سامنے شرمندہ ہونا پڑے۔ ہمارا جینا اور مرنا پاکستان کے لیے ہونا چاہیے۔ ہر قسم کی گروہ بندی سے بالاتر ہو کر تمام پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کی کوشش کرنا نظریہ پاکستان کو فروغ دینا ہے۔ اگر ہم نے نظریہ پاکستان کو پیشِ نظر رکھا اور اپنی سیرت اور کردار کو اس کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی تو دنیا کی دوسری قوموں میں ہمیں امتیاز حاصل ہوگا''۔

ب۔ حضرت ابوایوب انصاریؓ کا مرتبہ علم ایسا تھا کہ صحابۂ کرام مسائل کی تحقیق میں ان ہی سے رجوع کرتے تھے۔ حضرت ابوایوب انصاریؓ کی شخصیت میں تین چیزیں نمایاں تھیں: جوشِ ایمانی، حق گوئی اور آنحضرت رسول اللہ ﷺ سے بے کراں محبت و عقیدت۔ حضرت ابوایوب انصاریؓ کا ایک مرتبہ اور مقام یہ ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کے میزبان رہے ہیں۔ جب آپ ﷺ مدینہ منورہ میں داخل ہوئے تو ہر شخص چاہتا تھا کہ حضور ﷺ کا قیام اس کے یہاں ہو۔ لیکن کارکنانِ قضا و قدر نے اس شرف کے لیے جس گھر کو دیکھا، وہ حضرت ابوایوب انصاریؓ کا کاشانہ تھا''۔

سوال نمبر۴: **شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔
فاطمہ! تو آبروئے امتِ مرحوم ہے
ذرہ ذرہ تیری مُشتِ خاک کا معصوم ہے
یہ سعادت، حورِ صحرائی! تیری قسمت میں تھی
غازیانِ دیں کی سقائی تیری قسمت میں تھی
یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ و سپَر!
ہے جسارت آفریں شوقِ شہادت کس قدر!

ب۔
آس پاس اس کے جو بستے ہیں نہ ان کی پوچھیے
جس قدر ویراں ہے یہ، ہیں اس قدر وہ خستہ حال
رونقیں ہی رونقیں ہیں، جس طرف بھی دیکھیے
چیخنے لگتے ہیں، اُس پر شام ہوتے ہی شِغال
لاریاں پٹرول کی دیکھو گے، اس پر صبح و شام
ورنہ انساں تو نظر آتا ہے اس پر خال خال

سوال نمبر۵: **شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔
میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا
گنہگار ہوں، اک خطا ہو گئی ہے

ب۔
آج غفلت بھی ان آنکھوں میں ہے پہلے سے سوا
آج ہی خاطرِ بیمار، شکیبا بھی نہیں

ج۔
نازک تھے کہیں رنگِ گل و بوئے سمن سے
جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

سوال نمبر۶: **دیے گئے اشارات کی مدد سے ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں:** (10)

الف۔ قائدِاعظم محمد علی جناحؒ

(i) ابتدائی زندگی
(ii) اعلیٰ تعلیم کا حصول
(iii) عملی زندگی میں کامیابیاں
(iv) سیاسی کارنامے اور تحریکِ پاکستان
(v) قیامِ پاکستان کے بعد خدمات اور رحلت

ب۔ وقت کی پابندی

(i) مفہوم
(ii) ضرورت اور اہمیت
(iii) نظامِ فطرت کا اصول
(iv) احکامِ الٰہی کی تلقین
(v) ذاتی اور قومی ترقی کا موجب